مطبوعات

بدیع الزمان سعید نورسی
مؤلف : ثروت صولت
ناشر : ادارۂ معارف اسلامی۔ کراچی
ملنے کا پتہ : البدر پبلیکیشنز۔ اُردو بازار لاہور
قیمت : (پیپر بیک ایڈیشن) -/۲۱ روپے

اس دَور میں احیائے اسلام کی متعدد تحریکات پاکستان، انڈونیشیا، مصر و دیگر عرب ممالک اور ترکیہ میں متوازی طور پر چل رہی ہے۔ تین بڑی تحریکوں میں سے ایک نُورسی تحریک ہے جو کمالی ترکیہ کی مخالف دین تحریکِ "ترقی" کے توڑ کے طور پر نمودار ہوئی اور پھر خطرات سے گذرتی ہوئی ملک بھر میں پھیل کر ایک عظیم قوت بن گئی۔ اور آج اس کا پیغام ترکی کے در و دیوار سے سُنائی دیتا ہے۔ اسی تحریک کے زیر اثر مغربیت و مادیت کی راہ پر دُور تک گیا ہوا ترکی اپنے سابق دینی افکار و اطوار کے ساتھ لوٹ آیا ہے۔ اور نہ صرف مسجدوں سے عربی زبان میں اذانوں اور خطبوں کی صدائیں سُنائی دیتی ہیں بلکہ پارلیمانی سیاست کے ایوانوں میں بھی اسلامی رجحانات موج در موج نمودار ہیں۔

یہ تحریک اُستاد بدیع الزمان سعید نُورسی مرحوم کی بپا کردہ ہے۔ جنہوں نے گلا گھونٹنے والے حالات میں بوریائے درویشی سے کام شروع کیا، دیہاتی عوام، نوجوان طلبہ، بڑی علمی و سیاسی شخصیتوں، مختلف مجالس اور اداروں تک اپنا پیغام و اثر پھیلایا۔ جلا وطنی کا دَور دیکھا، عدالتوں میں پیشیاں ہوئیں، قید کاٹی۔ سی۔ آئی۔ ڈی کی نگرانی اور انتظامیہ کی زیادتیوں کا سامنا کیا۔ ۱۵۔ اپریل ۱۹۰۹ء کو اتحادِ محمدی نامی جماعت کے بانیوں میں سعید نُورسی بھی شامل تھے اور اس کا منشور یہ تھا کہ "یہ جماعت شریعت کی حکمرانی اور اتحاد کی علمبردار ہے"۔ اس کے متعلق استاذ کے صرف ایک مضمون سے آدا پزاری اور ازمت کے ۵۰ ہزار افراد اس جماعت میں شامل ہوئے۔ پھر اپنی دعوت کو پھیلانے کے

لیے انہوں نے بڑی جانفشانیاں کی ہیں۔ خاص طور پر قرآنی مضامین پر مشتمل رسائل نور کا جو سلسلہ انہوں نے چلایا، وہی دراصل نورسی یا نوری تحریک کے لیے ریڑھ کی ہڈی بنا۔ پریس میں یہ رسائل چھپ نہ سکتے تھے۔ علامہ نورسی سے متاثر نوجوان ان کو قلم سے لکھتے اور آگے کچھ اور لوگوں کو تفویض کر دیتے۔ پھر نقل در نقل کا ہر سلسلہ کہیں سے کہیں جا پہنچتا۔ حتیٰ کہ اُن کے شاگردوں نے جیل میں بھی نظر بچا کر یہ خدمت جاری رکھی اور ہر جیل میں استاذ سے قیدی متاثر ہو کر تائب ہو گئے۔ خیر یہ لمبی داستان تو پڑھنے ہی سے تعلق رکھتی ہے۔

اس کتاب کو ترکی سے اُردو میں منتقل کرنے کا سہرا نوجوان صاحبِ قلم ثروت صولت کے سر بندھتا ہے۔ انہوں نے پہلے ترکی زبان خود آموزی کے طور پر سیکھی اور پھر ہمارے دیرینہ ترکی رفیق و دوست اعظم ہاشمی مرحوم ——— جو روسی ترکستان سے زندہ بچ نکلنے والے ایک معزز گروہ علماء سے تعلق رکھتے تھے اور دارالاسلام میں مولانا مودودی کے ساتھ چند سال رہ چکے تھے ——— کی ترکی زبان کی چند کتب کے بل پر جو ادارہ معارف اسلامی سے دستیاب ہوئیں، متذکرہ کتاب مرتب کی ہے جو علامہ سعید نورسی کی سوانح بھی ہے اور نوری تحریک کی رپورٹ بھی!

یاد رہے کہ مستقبل کے لیے تحریک اسلامی کا بہترین باصلاحیت عنصر پاکستان سے باہر مصر، ترکیہ اور یا پھر ملائشیا انڈونیشیا سے ابھر رہا ہے۔

مجلہ "محور" ۱۹۶۷ء

پیشکش: پنجاب یونیورسٹی یونین

مدیر: سلیم منصور خالد ایم۔ اے فائنل

مشیر: پروفیسر مسکین حجازی

"محور" پنجاب یونیورسٹی اسٹوڈنٹس یونین کا مشہور مجلہ ہے جو سالنامہ کے طور پر شائع ہوتا ہے۔

ڈاکٹر خیرات محمد ابنِ رسا کی خدمت میں مبارکباد کہنے کو جی چاہتا ہے کہ اُن کے زیرِ سایہ کام کرنے والی اسٹوڈنٹس یونین نے محور کا ایک ایسا ایڈیشن پہلی بار پیش کیا ہے جو بڑے سے تنوع کے ساتھ ٹھوس فکر انگیز مواد